سوال

(117) جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور محفل تعزیہ دای میں جاوے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور محفل تعزیہ دای میں جاوے۔ اس کے پیچھے نماز درست ہے کہ نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور محفل تعزیہ دای میں جاوے۔ سوایسا شخص اگر نماز پرھا رہا ہو۔اور کوئی اس کے ساتھ نماز میں شریک وہ جاوے۔ تو اس کی نماز ہوجاوے گی۔ مگر ایسے شخص کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہیے۔ اور نماز پڑھانے کےلئے آگے نہیں کرنا چاہیے۔ اس واسطے کے مرثیہ خوانی اور تعزیہ داری بلاشبہ فسق وفجور کے کام ہیں۔ اور فسق وفجور کے کام سے جو راضی ہو اور اس کی محفل میں جاوے وہ بھی فاسق ہے۔ اور فاسق کے پیچھے نماز تو ہوجاتی ہے۔ مگر اس کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہیے۔ حررہ عبدلرحیم اعظم گڑھی کوپوی ۔فتاویٰ نزیریہ جلد1ص275سید محمد نزیر حسین دہلوی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد11ص411

محدث فتویٰ